روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر3مارچ 2008ء 24صفر1429 ہجری 3امان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 50

ہمیں آخرت مل جائے

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ایک بار مجھ سے فرمایا:۔
اے ابن خطاب کیا تجھے یہ بات پسند نہیں کہ قیصر وکسریٰ کو اس دنیا کی دولتیں دے دی جائیں اور ہمیں آخرت کی نعمتوں سے مالا مال کر دیا جائے۔
میں نے عرض کیا کیوں نہیں یارسول اللہ۔ مجھے یہی پسند ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الزہد باب ضجاع آل محمدؐ)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اللہ تعالیٰ کی شناخت کی یہ زبردست دلیل اور اس کی ہستی پر بڑی بھاری شہادت ہے کہ محو واثبات اس کے ہاتھ میں ہے......(الرعد:40)

دیکھو اجرام سماوی کتنے بڑے اور عظیم الشان نظر آتے ہیں اور ان کی عظمت کو دیکھ کر ہی بعض نادان ان کی پرستش کی طرف جھک پڑے ہیں اور انہوں نے ان میں صفات الٰہیہ کو مان لیا ہے۔ جیسے ہندو یا اور دوسرے بت پرست یا آتش پرست وغیرہ جو سورج کی پوجا کرتے ہیں اور اس کو اپنا معبود سمجھتے ہیں۔ کیا وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ سورج اپنے اختیار سے چڑھتا ہے یا چھپتا ہے؟ ہرگز نہیں اور اگر وہ کہیں بھی تو وہ اس کا کیا ثبوت دے سکتے ہیں۔ وہ ذرا سورج کے سامنے یہ دعا تو کریں کہ ایک دن وہ نہ چڑھے یا دوپہر کو مثلاً چھپ جاوے تاکہ معلوم ہو کہ وہ کوئی اختیار اور ارادہ بھی رکھتا ہے۔ اس کا ٹھیک وقت پر طلوع اور غروب تو صاف ظاہر کرتا ہے کہ اس کا اپنا ذاتی کوئی اختیار اور ارادہ نہیں ہے۔

ارادہ کا مالک تب ہی معلوم ہوتا ہے کہ دعا قبول ہو اور کرنے والے امر کو کرے اور نہ کرنے والے کو نہ کرے۔

غرض اگر قبولیت دعا نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ کی ہستی پر بہت سے شکوک پیدا ہو سکتے تھے اور ہوئے اور حقیقت میں جو لوگ قبولیت دعا کے قائل نہیں ہیں ان کے پاس اللہ تعالیٰ کی ہستی کی کوئی دلیل ہی نہیں ہے۔ میرا تو یہ مذہب ہے کہ جو دعا اور اس کی قبولیت پر ایمان نہیں لاتا وہ جہنم میں جائے گا، وہ خدا ہی کا قائل نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ کی شناخت کا یہی طریق ہے کہ اس وقت تک دعا کرتا رہے جب تک خدا اس کے دل میں یقین نہ بھر دے اور اناالحق کی آواز اس کو نہ آجاوے۔

اس میں شک نہیں کہ اس مرحلہ کو طے کرنے اور اس مقام تک پہنچنے کے لئے بہت سے مشکلات ہیں اور تکلیفیں ہیں۔ مگر ان سب کا علاج صرف صبر سے ہوتا ہے۔ حافظ نے کیا اچھا کہا ہے۔ شعر۔

گویند سنگ لعل شود در مقام صبر
آرے شود ولیک بخون جگر شود

یاد رکھو کوئی آدمی کبھی دعا سے فیض نہیں اٹھا سکتا۔ جب تک وہ صبر میں حد نہ کر دے اور استقلال کے ساتھ دعاؤں میں نہ لگا رہے۔ اللہ تعالیٰ پر کبھی بدظنی اور بدگمانی نہ کرے۔ اس کو تمام قدرتوں اور ارادوں کا مالک تصور کرے۔ یقین کرے پھر صبر کے ساتھ دعاؤں میں لگا رہے۔ وہ وقت آجائے گا کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعاؤں کو سن لے گا اور اسے جواب دے گا۔ جو لوگ اس نسخہ کو استعمال کرتے ہیں، وہ کبھی بدنصیب اور محروم نہیں ہو سکتے بلکہ یقیناً وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کی قدرتیں اور طاقتیں بے شمار ہیں۔ اس نے انسانی تکمیل کے لئے دیر تک صبر کا قانون رکھا ہے۔ پس اس کو وہ بدلتا نہیں اور جو چاہتا ہے کہ وہ اس قانون کو اس کے لئے بدل دے۔ وہ گویا اللہ تعالیٰ کی جناب میں گستاخی کرتا اور بے ادبی کی جرأت کرتا ہے۔ پھر یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ بعض لوگ بے صبری سے کام لیتے ہیں اور مداری کی طرح چاہتے ہیں کہ ایک دم میں سب کام ہو جائیں۔ میں کہتا ہوں کہ اگر کوئی بے صبری کرے تو بھلا بے صبری سے خدا تعالیٰ کا کیا بگاڑے گا۔ اپنا ہی نقصان کرے گا۔ بے صبری کر کے دیکھ لے وہ کہاں جائے گا۔

(ملفوظات جلد دوم ص 150)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ "مریم شادی فنڈ" ہے۔
مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔
"اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔"
(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ
(ناظر اعلیٰ)

جرمن زبان سیکھئے

وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ دارالرحمت وسطی ربوہ کے زیراہتمام جرمن زبان سیکھنے کی کلاس کا اجراء کیا جا رہا ہے۔ کوالیفائیڈ لیڈی ٹیچر اس زبان کا تعارف، ابتدائی بول چال اور ضروری معلومات فراہم کریں گی۔ مڈل تا ایم اے لیول کی واقفات نو اور خواتین جو یہ زبانیں سیکھنا چاہتی ہیں وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ دارالرحمت وسطی میں جلد از جلد اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مورخہ 3 تا 6 مارچ 2008ء کو عصر تا مغرب رجسٹریشن جاری رہے گی۔ مزید معلومات کیلئے انہی اوقات میں اس نمبر پر رابطہ کریں۔
فون :0476011966
(انچارج وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

جمعہ 7 مارچ 2008ء

5-05 am	تلاوت، درس، خبریں
5-55 am	المائدہ
6-25 am	لقاء مع العرب
7-30 am	دورہ حضور انور ایدہ اللہ
8-10 am	ترجمۃ القرآن
9-15 am	ایم ٹی اے ورائٹی
10-00 am	مشاعرہ
11-05 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	چلڈرنز کلاس
1-05 pm	فرانسیسی سروس
1-30 pm	سرائیکی سروس
2-35 pm	ملاقات
3-15 pm	انڈونیشین سروس
4-15 pm	سیرت صحابہ رسولؐ
4-55 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	خطبہ جمعہ لائیو
7-20 pm	درس حدیث
7-30 pm	بنگلہ سروس
8-20 pm	سیرت صحابہؓ
9-05 pm	خطبہ جمعہ
10-25 pm	لقاء مع العرب
11-30 pm	عربی سروس

ہفتہ 8 مارچ 2008ء

1-35 am	خبریں
2-10 am	امریکن میوزیم اور اس کی تاریخ
2-50 am	خطبہ جمعہ
4-10 am	ملاقات
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-05 am	فرانسیسی پروگرام
6-30 am	لقاء مع العرب
7-40 am	انٹرویو
8-50 am	خطبہ جمعہ
10-20 am	ملاقات
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-00 pm	چلڈرنز کلاس
1-00 pm	سیرت رفقاء حضرت مسیح موعود
2-35 pm	خطبہ جمعہ
2-35 pm	آئل پینٹنگ
3-05 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	فرانسیسی سروس
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-05 pm	بنگلہ دیش
7-05 pm	انتخاب سخن
8-05 pm	چلڈرنز کلاس
9-05 pm	پاکستان نیشنل اسمبلی 1974ء
9-45 pm	مشاعرہ
10-30 pm	لقاء مع العرب
11-30 pm	عربی سروس

اتوار 9 مارچ 2008ء

1-30 am	خبریں
2-05 am	چلڈرنز کلاس
3-05 am	پاکستان کی قومی اسمبلی
3-55 am	خطبہ جمعہ
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-00 am	سیرت رفقاء حضرت مسیح موعود
6-30 am	لقاء مع العرب
7-30 am	خطبہ جمعہ
8-30 am	آئل پینٹنگ
9-10 am	سوال و جواب
10-30 am	سیرت رفقاء حضرت مسیح موعود
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-00 pm	بستان وقف نو
1-25 pm	ایم ٹی اے ٹریول
1-50 pm	دورہ حضور انور ایدہ اللہ
2-40 pm	عربی سیکھیے
3-00 pm	انڈونیشین سروس
3-55 pm	سپینش سروس
5-05 pm	تلاوت، خبریں
6-05 pm	بنگلہ سروس
7-05 pm	خطبہ جمعہ
8-10 pm	بستان وقف نو
9-25 pm	عربی سیکھیے
9-50 pm	سوال و جواب
10-35 pm	امریکن نیشنل پارک
11-30 pm	عربی سروس

یوم مؤاخات

تمام ناظمین اضلاع اور زعماء اعلیٰ مجالس انصاراللہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ 23 مارچ 2008ء کو یوم مؤاخات منائیں۔ نومبائعین کے ساتھ محبت، پیار اور باہمی ہمدردی کا اظہار کریں نیز خصوصی اجلاسات منعقد کر کے جماعت احمدیہ کا تعارف اور شرائط بیعت کی تفاصیل بیان کریں۔

(قائد تربیت نومبائعین مجلس انصاراللہ پاکستان)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تقریب آمین

۞ مکرم لقمان احمد کشور صاحب استاد جامعہ احمدیہ سینئر ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی بڑی بیٹی ساخرہ لقمان نے چھ سال تین ماہ کی عمر میں قرآن کریم کا پہلا دور مکمل کیا ہے مورخہ 22 فروری 2008ء کو اس کی تقریب آمین منعقد ہوئی جس میں صدر صاحبہ لجنہ محلّہ دارالفتوح غربی نے بچی سے قرآن کریم سنا۔ اس کے بعد دعا ہوئی بچی تحریک وقف نو میں شامل ہے۔ تمام احباب کی خدمت میں عاجزانہ دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ اس کو قرآن کے علم سے منور فرمائے (آمین)

اعزاز

(گورنمنٹ تعلیم الاسلام کالج ربوہ)

۞ مکرم میاں منور احمد صاحب صدر شعبہ ایم ایس سی فزکس گورنمنٹ تعلیم الاسلام کالج ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

امسال ایم ایس سی فزکس کے امتحان میں گورنمنٹ تعلیم الاسلام کالج ربوہ کے طالب علم حافظ رضوان طاہر نے 946 نمبر لے کر پنجاب یونیورسٹی میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح ایک طالبہ زینوبیہ حسین نے 938 نمبر لے کر پنجاب یونیورسٹی میں چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ دونوں کیلئے آئندہ مزید بہتر کامیابیوں کے دروازے کھولے۔

نکاح و رخصتانہ

۞ مکرم منور احمد خالد صاحب کارکن دفتر تشخیص جائیداد تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ نصرت جہاں صاحبہ کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم محمد فاروق صاحب ابن مکرم محمد یٰسین صاحب دارالصدر غربی قمر ربوہ مورخہ 24 فروری 2008ء کو ساٹھ ہزار روپے حق مہر پر مکرم ریاض محمود باجوہ صاحب مربی سلسلہ دفتر شعبہ تاریخ احمدیت نے کیا۔ اسی دن رخصتی عمل میں آئی۔ مکرم چوہدری محمود احمد صاحب سابق نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے دعا کرائی۔ احباب جماعت سے رشتہ کے ہر لحاظ سے بابرکت ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

ملازمت کے مواقع

۞ ایک کمپنی کو مظفر آباد میں اپنے سائیٹ آفس کیلئے سینئر اکاؤنٹنٹ آفیسر، اکاؤنٹ آفیسر، کیشئر (اکاؤنٹس کا تجربہ رکھتے ہوں) جنرل مینیجر، سٹور آفیسر، ٹائپسٹ (ٹائپنگ کی سپیڈ اچھی ہو) کمپیوٹر آپریٹر، میسنجر، ریسپشنسٹ (انگریزی بولنا جانتا ہو) ٹیلی فون آپریٹر کیئر ٹیکر، باورچی ہیلپر، لیبارٹری ہیلپر، ڈرائیورز اور سوپیر درکار ہیں۔ درخواستیں بمعہ تصدیق صدر صاحب محلّہ بنام نظارت صنعت و تجارت فوری طور پر بھجوائی جاسکتی ہیں۔

(نظارت صنعت و تجارت)

جلسہ یوم مصلح موعود اور کلوا جمیعاً

(وقف نو لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

۞ ربوہ کے واقفین نو بچوں کا جلسہ یوم مصلح موعود اور کلوا جمیعاً مورخہ 24 فروری 2008ء کو 3-30 بجے بعد دوپہر بیوت الحمد کوارٹرز کے سبزہ زار میں منعقد ہوا۔ جس میں ڈیڑھ ہزار بچوں نے شرکت کی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا حنیف احمد صاحب ابن حضرت مصلح موعود تھے۔ ربوہ کے تمام محلّہ جات سے واقفین نو بچے سفید لباس میں ملبوس، کندھے سے نیچے تک سبز پٹیاں آویزاں کئے ہوئے اور ان پٹیوں پر وقف نو کا بیج سجائے، اپنے ساتھ گھر سے کچھ نہ کچھ پکوا کر لائے تھے۔ اپنے اپنے بلاکس کے تحت ٹوپیاں پہن کر لائنوں میں بیٹھے یہ بچے بہت بھلے معلوم ہو رہے تھے۔ لائن کے آگے سب سے چھوٹا واقف نو بیٹھا تھا۔ اس پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور نظم سے ہوا۔ 20 فروری یوم مصلح موعود کے حوالے سے بھی بعض پروگرام اس تقریب کا حصہ تھے۔ پیشگوئی مصلح موعود کے الفاظ مکرم راشد مبشر صاحب نے پڑھ کر سنائے۔ مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں تحریک وقف نو کی اہمیت بیان کی اور حضرت مصلح موعود کے بارے میں بچپن کے بعض واقعات بچوں کو سنائے سیرالیون سے تشریف لانے والے مربی سلسلہ مکرم عبدالغنی صاحب نے پنجابی نظم پیش کی اس موقع پر ایک کوئز پروگرام بھی رکھا گیا تھا اس پروگرام کو مکرم مبشر محمود صاحب مربی سلسلہ نے کنڈکٹ کیا۔ پوچھے گئے سوال کا صحیح جواب دینے والے واقف نو کو موقع پر ہی انعام دیا گیا۔ تقریب کے آخر پر ترانہ پیش ہوا اور مکرم صفدر نذیر گولیکی صاحب سیکرٹری وقف نو ربوہ نے جملہ مہمانان واقفین نو اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ دعا کے ساتھ اس خوبصورت تقریب کا اختتام ہوا۔ بعدہ واقفین نو نے مل جل کر کھانا تناول کیا، اس موقع پر چارٹس پر حضرت مصلح موعود کی تصاویر اور اقتباس آویزاں کر کے نمائش لگائی گئی تھی اور رنگارنگ بینروں سے تقریب کو سجایا گیا تھا۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم سید محمد عبداللہ صاحب مربی انچارج سپین

جماعت احمدیہ سپین کا 23 واں جلسہ سالانہ

جماعت احمدیہ سپین کو اپنا 23 واں جلسہ سالانہ مورخہ 7 اور 8 ستمبر 2007ء منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

تیاری جلسہ سالانہ

جلسہ سالانہ کے انعقاد سے دو ماہ قبل نیشنل مجلس عاملہ کے مشورہ سے انتظامیہ تشکیل دی گئی۔ مشورہ کے مطابق مکرم سید ظہیر احمد شاہ صاحب صدر جماعت پیدرو آباد افسر جلسہ سالانہ اور مکرم ملک طارق محمود صاحب مربی سلسلہ افسر جلسہ گاہ مقرر ہوئے۔ بیت بشارت اور اس کے ماحول کی صفائی کے لئے پندرہ روز قبل وقارِ عمل کا سلسلہ شروع ہوا۔ وقارِ عمل کے لئے 4 خدام و انصار پر مشتمل ایک ٹیم Valencia جماعت سے ایک ہفتہ قبل بیت بشارت تشریف لائی۔ چنانچہ جلسہ سے قبل بیت اور بیت کے ماحول کی وقارِ عمل کے ذریعہ صفائی کی گئی اور جہاں ضرورت تھی وہاں سفیدی بھی کی گئی۔ مردوں اور عورتوں کے لیے الگ الگ مارکیاں لگائی گئیں جو کہ گزشتہ سال کی نسبت بڑی تھیں۔ اسی طرح موبائیل ٹائیلٹ بھی رکھی گئیں۔ مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہ کے لئے لگائی گئی مارکیوں کو خوبصورت بینرز سے سجایا گیا۔

پہلا دن

جلسہ سالانہ کے پہلے دن کا آغاز نمازِ تہجد سے کیا گیا۔ نمازِ تہجد مکرم ملک طارق محمود صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی۔ نمازِ فجر کے بعد دعوت الی اللہ کے موضوع پر درسِ قرآن دیا۔ ناشتہ کے بعد دس بجے سے بارہ بجے تک ایک اجتماعی وقارِ عمل کیا گیا۔

پہلا سیشن

شام پانچ بجے جلسہ سالانہ کا پہلا سیشن محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ سپین کی صدارت میں شروع ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم امیر صاحب سپین نے افتتاحی خطاب فرمایا۔ افتتاحی خطاب میں آپ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے موصول ہونے والا پیغام پڑھ کر سنایا جس میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احباب جماعت سپین کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے دینِ حق کی حسین تعلیمات اور خوبیوں سے مقامی لوگوں کو آگاہ کرنے کے لئے ہر حربہ اور حیلہ استعمال کرنے کی تاکید فرمائی کہ حضرت مسیح موعود کی یہ شدید خواہش تھی کہ کسی طرح یورپ میں احمدیت کا پیغام پہنچ جائے اور دنیائے یورپ بھی آنحضرت ﷺ کی غلامی میں آکر سچے خدا کو پہچان لے۔

دوسری ضروری بات جس کی طرف حضور انور نے اپنے پیغام میں نصیحت فرمائی وہ خلافت سے محبت اور اس سے کامل وفا کا تعلق ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ آپ بڑے خوش قسمت ہیں کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے ایک امام عطا کیا ہے جس کی بیعت کر کے آپ وحدت کی لڑی میں پروئے گئے ہیں اس لئے ہر لحظہ اور ہر آن خلیفۂ وقت کی اطاعت پر کمربستہ رہیں اسی میں آپ سب کی بقا اور روحانی زندگی کا انحصار ہے۔ خلیفۂ وقت کی اطاعت اور اتباع سے انسان معصیت سے بچتا اور روحانی بلندیوں کی طرف پرواز کرتا ہے۔ پس عاجزی اور انکساری اختیار کرتے ہوئے خلافتِ احمدیہ کی آواز پر لبیک کہیں۔

حضور نے نصیحت فرمائی کہ آپ نے اس حَبْلُ اللّٰہ سے چمٹے رہنا ہے اور اس کو ہرگز چھوڑنا نہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو اس کی توفیق دے اور ہمیشہ خلافتِ احمدیہ کا مطیع و فرمانبردار بنائے رکھے۔

حضور انور کے پیغام کے بعد محترم امیر صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے اس خطاب میں سے جو حضور نے بیت بشارت کے افتتاح کے موقعہ پر فرمایا تھا چند اقتباسات پڑھ کر سنائے جن میں حضور نے احباب جماعت کی مالی قربانیوں کے ساتھ ساتھ حضرت مولانا کرم الٰہی صاحب ظفر اور ان کی فیملی کی قربانیوں کا ذکر کیا تھا۔

چونکہ آئندہ سال خلافتِ احمدیہ کی صد سالہ جوبلی کا سال ہے اس لئے امسال تقاریر کا موضوع خلافت ہی رکھا گیا کہ امسال خلافتِ راشدہ کا دور مکمل کر لیا جائے اور اگلے سال خلافت حضرت مسیح موعود پر روشنی ڈالی جائے۔

چنانچہ پروگرام کے مطابق افتتاحی خطاب اور دعا کے بعد خاکسار نے خلافت کی اہمیت و برکات پر روشنی ڈالی۔

بعد ازاں مکرم کلیم احمد سعید صاحب مربی سلسلہ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت و سوانح پر خوبصورت انداز میں تقریر کی۔

جلسہ سالانہ کے پہلے اجلاس کی آخری تقریر میں مکرم عبدالصبور نعمان صاحب مربی سلسلہ نے حضرت عمرؓ کی سیرت اور شمائل پر روشنی ڈالی۔ آپ کی تقریر کے ساتھ ہی پہلے دن کے پہلے اجلاس کی کارروائی بخیر و خوبی اپنے اختتام کو پہنچی۔

دوسرا دن

دوسرے دن کا آغاز نمازِ تہجد سے ہوا جو کہ مکرم مجیب الرحمٰن شفیق احمد صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی اور نمازِ فجر کے بعد انفاق فی سبیل اللہ کے موضوع پر قرآن و حدیث سے درس دیا۔

دوسرا اجلاس

جلسہ سالانہ کے دوسرے اجلاس کا آغاز صبح دس بجے تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ نظم کے بعد دوسرے اجلاس کی پہلی تقریر مکرم ملک طارق محمود صاحب مربی سلسلہ نے حضرت عثمانؓ کے موضوع پر کی۔

اجلاس کی دوسری تقریر مکرم مجیب الرحمٰن شفیق احمد صاحب مربی سلسلہ نے حضرت علیؓ کے عنوان پر کی۔

بیت بشارت کی سلور جوبلی کے حوالہ سے چند سابقہ مربیان سلسلہ سپین، مکرم عبدالستار خان صاحب مربی سلسلہ گوئٹے مالا، مکرم عبدالحلیم صاحب اور مکرم محمد یوسف شاہد صاحب کی طرف سے پیغامات موصول ہوئے تھے جو کہ خاکسار نے پڑھ کر سنائے۔ مکرم اقبال احمد نجم صاحب اس موقعہ پر خود موجود تھے لہٰذا انہوں نے اپنا پیغام خود پڑھا۔ نیز دعوت الی اللہ کے موضوع پر تقریر کی۔ بعدہٗ مکرم آصف پرویز صاحب صدر جماعت پرتگال نے سلور جوبلی کے موقعہ پر اپنے جذبات پیش کئے۔

اس اجلاس کی آخری تقریر مکرم مبشر احمد صاحب بدر مربی سلسلہ از قادیان نے قادیان اور درویشان قادیان کے موضوع پر کی۔

سلور جوبلی پروگرام

بیت بشارت کی سلور جوبلی کے سلسلہ میں ایک وڈیو پروگرام تیار کیا گیا تھا جس میں بیت بشارت کی تقریبِ سنگِ بنیاد کی تصاویر، دورانِ تعمیر لی گئی تصاویر، افتتاحی تقریب کی تصاویر دکھائی گئیں اور ساتھ کے ساتھ سنگِ بنیاد کے موقعہ پر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے تاریخی خطاب میں سے چند اقتباسات اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے بیت بشارت کے افتتاحی خطاب میں سے چند اقتباسات پیش کئے جاتے رہے۔ یہ پروگرام سہ پہر چار سے پانچ بجے تک دکھایا گیا۔

اختتامی اجلاس

شام چھ بجے اختتامی اجلاس منعقد ہوا۔ ہمارے جلسہ کی روایت ہے کہ ہر سال اس اجلاس کے لئے سپینش دوستوں اور اتھارٹیز کو مدعو کیا جاتا ہے۔ امسال بھی کثرت سے دوستوں کو دعوت دی گئی تھی۔

اس اجلاس کی کارروائی تلاوتِ قرآن مجید سے شروع ہوئی۔ خاکسار سید محمد عبداللہ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ آج کی مہمانِ خصوصی پیدرو آباد کی میئر Maria Luis Wic تھیں۔ انہوں نے اپنا خطاب جماعتِ احمدیہ کے ماٹو love for all hatred for none سے شروع کیا۔ محترمہ میئر صاحبہ نے کہا کہ صرف سپین میں ہی نہیں بلکہ دنیا بھر میں ہمارا گاؤں بیت بشارت کی وجہ سے مشہور ہے۔ انہوں نے کہا جب وہ کسی کو اپنا ایڈریس بتاتے ہیں تو بیت کے حوالہ سے سمجھاتے ہیں۔ جماعت کی اعلیٰ روایات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے اپنے بورکینا فاسو کے ایک سفر کا ذکر کیا کس طرح ان کا وہاں خیر مقدم کیا گیا کہ ان کا تعلق پیدرو آباد سے ہے۔ سلور جوبلی کی مبارک دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ غرناطہ کے زوال پانچ سو سال بعد جب 1980ء میں بیت بشارت کا سنگِ بنیاد رکھا گیا اس وقت گو کہ وہ پڑھتی تھیں لیکن اس کی یاد اب تک ان کے ذہن میں تازہ ہے۔ اور یہ ہمارے گاؤں کے لئے ایک اعزاز ہے۔

مکرم ڈاکٹر عطاء الٰہی منصور صاحب نے خلافت کے موضوع پر مضمون پڑھا۔ اپنے مضمون کے آخر پر آپ نے مہمانوں کو سوالات کی دعوت دی۔ مہمانوں نے مختلف سوالات کئے۔ یہ اجلاس دو گھنٹے جاری رہا آخر پر محترم امیر صاحب نے مختصراً اختتامی خطاب فرمایا معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرنے کے ساتھ ساتھ احباب جماعت کو خلافت کے ساتھ اپنا اور اپنی اولادوں کا پختہ مضبوط رشتہ مستقلاً استوار رکھنے کی تلقین فرماتے ہوئے اختتامی دعا کروائی جس کے ساتھ سپین کے 23 ویں جلسہ سالانہ کا بخیر و خوبی اختتام ہوا۔

اختتامی دعا کے بعد معزز مہمانوں کی خدمت میں پُرتکلف کھانا پیش کیا گیا جس میں گاؤں کی میئر نے بھی شمولیت کی۔

نمائش

سلور جوبلی کے حوالہ سے ایک نمائش کا انتظام کیا گیا جس میں بیت بشارت کے سنگِ بنیاد سے لے کر افتتاح ہونے تک کی مختلف تصاویر اسی طرح اس دور میں اخبارات میں چھپنے والی خبروں کی کٹنگز آویزاں کی گئیں۔

بک سٹال

جلسہ سالانہ کے ایام میں بک سٹال کا انتظام کیا گیا جس میں اُردو سپینش اور انگریزی زبانوں میں کتب برائے فروخت رکھی گئیں۔

حاضری

امسال جلسہ سالانہ کی حاضری گزشتہ سال کی حاضری 170 کے مقابل پر 216 رہی۔ الحمدللہ اسی طرح سپین کے علاوہ مندرجہ ذیل چھ ممالک سے احباب جماعت نے اس جلسہ میں شمولیت کی۔ مراکش پرتگال، انگلستان، ناروے، ڈنمارک، انڈیا۔

جلسہ سالانہ کی ساری کارروائی سپینش زبان میں ہوئی۔

نمازِ تہجد

جلسہ سالانہ کے ایام میں باجماعت تہجد کا انتظام ہوتا رہا اور اس میں بھی حاضری بفضلِ خدا سو فیصد رہی۔ (باقی صفحہ 11 پر)

مکرم ریاض احمد ملک صاحب

جلسہ سالانہ قادیان 2007ء کے یادگار لمحات

جلسہ سالانہ قادیان 1907ء میں سب سے پہلے پہنچنے والی جماعت۔ جماعت احمدیہ دوالمیال تھی 1907ء کے جلسہ سالانہ پر 25احباب کا وفد زیر قیادت حضرت مولوی صاحب کرمداد صاحب پہلے امیر جماعت احمدیہ دوالمیال قادیان پہنچا۔ وہ وقت جبکہ ذرائع آمدورفت نہ ہونے کے برابر۔ آمدنی بھی ان کی بالکل قلیل۔ وہ دنیاوی اعتبار سے غریب تھے۔ لیکن روحانی اعتبار سے امیر تھے۔ قادیان سے گونجنے والی حق کی آواز کو ہمارے بزرگوں نے سنا۔ پھر اس کو دل میں بٹھایا اور راستوں کی صعوبتوں کی پرواہ کئے بغیر قادیان میں جاکر حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر بیعت کی۔

یہ وہ بزرگ تھے جنہوں نے دوالمیال کی بستی میں قادیان سے کوسوں میل دور حضرت مسیح موعود کی ندا سنی اور اس ندا کی جانب رواں دواں ہوئے اور یوں اس کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے پروانہ وار اس شمع کی جانب چلے گئے جو بیت مبارک قادیان سے نور اور عرفان کی کرنیں دنیا میں بکھیر رہی تھی۔ ہر جلسہ سالانہ پر جانا ان کا معمول تھا۔ کیونکہ انہوں نے حضرت مسیح موعود کی زبان مبارک سے سن رکھا تھا ''اس جلسہ کو معمولی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ اس کی بنیادی اینٹ خداتعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آن ملیں گی۔

26دسمبر 2007ء کو ضلع چکوال کا قافلہ دوالمیال سے زیر قیادت مکرم حاجی ملک عبدالعزیز صاحب، امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع چکوال صبح 5 بجے دعا کے بعد۔ درود شریف اور دعاؤں کا ورد کرتے ہوئے 116 ویں جلسہ سالانہ قادیان 2007ء میں شامل ہونے کے لئے عازم قادیان ہوا۔ کلر کہار سے بھون جماعت کے احباب بھی شامل ہوگئے۔ اس وفد میں ضلع چکوال کی دوالمیال، چکوال، بھون اور پنجند جماعتوں کے احباب شامل تھے۔

یہ قافلہ امرتسر اور پھر بٹالہ پہنچا تو دل میں ایک رقت پیدا ہوئی ہے۔ اوران بزرگوں کے لئے خاص دل کی گہرائیوں سے دعائیں نکلیں۔ جو اس وقت بٹالہ کے ریلوے سٹیشن پر اتر کر پیدل یا پھر تانگہ پر سوار ہوکر حضرت مسیح موعود کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔

زیارت مقامات مقدسہ

26دسمبر 2006ء کو شام کو رجسٹریشن کے مراحل سے فارغ ہونے کے بعد سرائے طاہر میں سامان رکھنے کے بعد مقامات مقدسہ قادیان کی زیارت کی اور دعاؤں اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے نوافل ادا کئے۔

بیت مبارک حجرہ جہاں سرخ چھینٹوں کا واقعہ پیش آیا۔ دالان حضرت اماں جان۔ بیت اقصیٰ خطبہ الہامیہ والی جگہ۔ منارۃ المسیح۔ مہمان خانہ۔ احمدیہ مرکزی لائبریری۔ صدرانجمن احمدیہ قادیان کے دفاتر۔ دفتر ہفت روزہ ''بدر'' قادیان بہشتی مقبرہ قادیان مزار مبارک حضرت مسیح موعود۔ مزار حضرت حاجی مولوی نورالدین خلیفۃ المسیح الاول۔ قطعہ خاص۔ دوسرے قطعات موصیان۔ پہلی بیعت والا مقام۔ شہ نشین۔ مکان حضرت اماں جان۔ کمرہ جہاں جنازہ سے پہلے حضرت مسیح موعود کا تابوت مبارک رکھا گیا۔ 1905ء کے زلزلہ میں لگائے جانے والے خیموں کی جگہ۔

بیت الفکر۔ بیت الدعا۔ بیت الریاضت، حضرت مسیح موعود، حضرت مصلح موعود، حضرت خلیفۃ المسیح الثالث، حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی جائے پیدائش اور جائے رہائش۔ قدیم ڈیوڑھی جس سے نکلتے ہوئے اس انگریز پولیس آفیسر کا سرٹکرایا۔ جو بغیر کسی نوٹس کے اچانک پنڈت لیکھرام کے قتل کے متعلق دارالمسیح کی تلاشی لینے کے لئے آ گیا۔ تاریخی کنواں۔ گول کمرہ۔ دیوار والی جگہ جو حضرت مسیح موعود کے چچا زاد بھائیوں مرزا نظام الدین اور امام دین نے بیت مبارک جانے سے روکنے کے لئے بنوا دی تھی۔ کوٹھی نواب محمد علی خان صاحب۔ کمرہ جہاں حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی وفات ہوئی۔ تعلیم الاسلام کالج۔ بیت نور میں وہ مقام جس جگہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا انتخاب عمل میں آیا۔ نور ہسپتال (پرانا اور نیا) لنگر خانہ حضرت مسیح موعود۔ حضرت مسیح موعود کا آبائی قبرستان۔

نماز جمعہ 28دسمبر 2007ء کو جلسہ گاہ میں ادا کی گئی اور 29دسمبر کو جلسہ سالانہ کی ابتدا خدا کے خاص فضلوں سے ٹھیک 10 بجے صبح پرچم کشائی لوائے احمدیت سے ہوئی اور فضا دعا کے بعد نعرۂ تکبیر سے گونج اٹھی۔ تلاوت قرآن مجید اور نظم کے بعد افتتاحی تقریر مکرم ڈاکٹر حافظ صالح محمد الہ دین صاحب صدر، صدر انجمن احمدیہ قادیان نے کی۔ اس کے بعد دوسری تقریر بعنوان ''توحید باری تعالیٰ مختلف مذاہب کی تعلیم کی روشنی میں'' محترم مولانا محمد عمر صاحب ناظر اصلاح و ارشاد قادیان کی تھی جس میں آپ نے توحید باری تعالیٰ کو نہائت مدلل طریقہ سے تمام مذاہب کے بانیوں کی تعلیم میں ثابت کیا۔ اس کے بعد ''سیرت آنحضرتؐ (حقوق انسانیت بالخصوص مخالفین سے حسن سلوک'' کے موضوع پر محترم مولانا محمد کریم الدین صاحب شاہد ایڈیشنل ناظم وقف جدید بیرون قادیان نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور تمام جلسہ گاہ نعرہ تکبیر سے گونج اٹھا۔

''سیرت حضرت مسیح موعود'' پر محترم مولانا محمد انعام صاحب غوری ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے روشنی ڈالی اور جلسہ سالانہ کی رونق کو چار چاند لگا دیئے۔

جلسہ سالانہ قادیان کی جلی حروف میں خبریں تقریباً تمام اخبارات میں چھپیں۔ لیکن ''ہندسماچار'' اخبار'' نے جلسہ سالانہ قادیان کو انسانی اتحاد اور قومی یکجہتی کا آئینہ دار'' کے عنوان سے 116 ویں جلسہ سالانہ قادیان کو نمایاں سرخیوں سے جگہ دی اور 29دسمبر 2007ء کو جلسہ سالانہ سپلیمنٹ مبارک صد مبارک نکالا۔ جس میں حضرت مسیح موعود کے'' جلسہ سالانہ کے متعلق جماعت احمدیہ کے بانی کے ارشادات'' کے عنوان سے آٹھ کالمی آرٹیکل لکھا۔ اس میں جلسہ سالانہ کے انعقاد کی اہم غرض کے زیر عنوان لکھا۔ ''کہ اہم غرض یہ ہے کہ تمام دنیا کی محبت ٹھنڈی ہو اور اپنے مولا کریم اور رسول مقبولؐ کی محبت دل پر غالب آجائے اور ایسی حالت انقطاع پیدا ہو جائے۔ جس سے سفر آخرت مکروہ معلوم نہ ہو'' اور اس سپلیمنٹ میں حضرت مسیح موعود اور تمام خلفائے احمدیت کی تصاویر بھی شائع کیں۔

دوسرے دن کے پہلے اجلاس میں پہلی تقریر بعنوان ''صداقت حضرت مسیح موعود'' محترم مولانا منیر احمد صاحب خادم ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد تعلیم القرآن کی تھی۔ دوسری تقریر سے پہلے مکرمہ مبارکہ بیگم صاحبہ کی مشہور نظم ''آنحضرتؐ کا احسان عظیم'' پڑھی گئی اور اس کے بعد اسی مناسبت سے تقریر بعنوان ''دین میں عورت کے حقوق'' پر محترم مولانا سید کلیم الدین صاحب مربی سلسلہ دہلی نے روشنی ڈالی۔ تیسری تقریر محترم مولانا محمد حمید کوثر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ قادیان نے ''آخری زمانہ سے متعلق آنحضرت کی پیشگوئیاں'' کے عنوان پر اپنے خیالات کا اظہار فرمایا۔

نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کے بعد دوسرے اجلاس میں تقریر بعنوان ''پیشوایان مذاہب کا احترام (بزبان پنجابی)'' محترم مولانا تنویر احمد صاحب خادم نائب ناظر اصلاح و ارشاد قادیان کی تھی۔ اس کے بعد ہندوؤں اور سکھوں کے معتبرین جو اس جلسہ میں شامل تھے انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

جلسہ کے تیسرے دن کی پہلی تقریر ''جماعت احمدیہ کا مالی نظام بشمول نظام وصیت'' کے عنوان پر محترم مولانا عبدالوکیل صاحب نیاز نائب ناظم وقف جدید بیرون نے اپنے خیالات کا بڑے پر اثر انداز میں اظہار فرمایا دوسری تقریر محترم مولانا محمد نسیم خان صاحب ناظر امور عامہ قادیان کی دین حق کے مسائل اوران کا حل'' کے موضوع پر تھی۔

نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کے بعد شامل معززین کا تعارف اور مختصر تعارفی تقاریر اور اس کے بعد اختتامی خطاب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا براہ راست لندن سے تھا۔ اور اس کے بعد حضور پُرنور نے اجتماعی اختتامی دعا فرمائی اور عجیب سماں تھا کہ حضور پر نور کا خطاب لندن سے تھا اور قادیان کے نعرے لندن میں سنے جا رہے تھے۔ تینوں دن کی کارروائی میڈیا اور پریس پرشہ سرخیوں سے دی گئی۔ تین دنوں کی کارروائی براہ راست تمام دنیا میں سنی گئی۔ یہ تین دن یادگار دن تھے۔ ہم سب کے لئے اور یہ جلسہ سالانہ ہر رنگ سے یادگار اور باعث برکت رہا۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ اس جلسہ یعنی روحانی مائدہ سے ہم سب کو مستفیض ہونے کی ہر رنگ میں توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

غزل

نہ جھکنے کا ہنر اچھا نہیں ہے
بلند و بالا سر اچھا نہیں ہے

سکینت کی جہاں کھڑکی نہیں وہ
محل اچھا ہے۔ گھر اچھا نہیں ہے

کوئی جگنو ہمیشہ ساتھ رکھنا
اندھیروں کا سفر اچھا نہیں ہے

رہو محتاط سپنوں میں بھی بے شک
مگر اتنا بھی ڈر اچھا نہیں ہے

تعصب کے کھلونوں سے بہلنا
اُدھر اچھا۔ اِدھر اچھا نہیں ہے

اگر وہ سو رہے ہوں تو اُدھر سے
ہوا کا بھی گزر اچھا نہیں ہے

بہاؤ شوق سے تم اشک قدسیؔ
مگر پانی میں گھر اچھا نہیں ہے

عبدالکریم قدسیؔ

اسلامی دنیا۔ اعداد و شمار کے آئینہ میں

نام ملک	دارالحکومت	یوم آزادی	رقبہ (مربع کلومیٹر)	آبادی
آذربائیجان	باکو	30 اگست 1991ء	86600	78 لاکھ 70 ہزار
آئیوری کوسٹ	ابی جان	17 اگست 1960ء	322460	1 کروڑ 59 لاکھ
اردن	عمان	25 مئی 1946ء	92300	56 لاکھ 11 ہزار
اریٹیریا	اسمارہ	24 مئی 1993ء	121320	40 لاکھ 50 ہزار
ازبکستان	تاشقند	31 اگست 1991ء	447400	2 کروڑ 64 لاکھ
افغانستان	کابل		647500	2 کروڑ 85 لاکھ
البانیہ	ترانا	1944ء	28748	3 کروڑ 54 لاکھ
الجزائر	الجزائر	5 جولائی 1962ء	2381740	3 کروڑ 22 لاکھ
انڈونیشیا	جکارتہ	17 اگست 1945ء	1919440	24 کروڑ
ایتھوپیا	عدیس ابابا	1952ء	1127127	6 کروڑ
ایران	تہران	1979ء	1648000	6 کروڑ 75 لاکھ
بحرین	منامہ	15 اگست 1971ء	665	7 لاکھ
برکینافاسو	اوگاڈوگو	5 اگست 1960ء	274200	1 کروڑ 35 لاکھ
برونائی دارالسلام	بندرسری بیگوان	یکم جنوری 1984ء	5770	3 لاکھ 65 ہزار
بنگلہ دیش	ڈھاکہ	16 دسمبر 1971ء	144000	14 کروڑ 13 لاکھ
بوسنیا ہرزیگوینا	سارا جیو	دسمبر 1991ء	51291	41 لاکھ
بینن	پورٹ نوو	یکم اگست 1960	112620	73 لاکھ
پاکستان	اسلام آباد	14 اگست 1947ء	803940	16 کروڑ
تاجکستان	دوشنبے	26 اگست 1991ء	143100	71 لاکھ
ترکمانستان	اشک آباد	26 اکتوبر 1991ء	488100	48 لاکھ 64 ہزار
ترکی	انقرہ		780380	6 کروڑ 90 لاکھ
تنزانیہ	دارالسلام	9 دسمبر 1961ء	945087	3 کروڑ 66 لاکھ
تیونس	تونس	20 ستمبر 1956	163610	1 کروڑ
ٹوگو	لومے	27 اپریل 1960ء	56785	57 لاکھ
جبوتی	جبوتی	27 جون 1977ء	23000	4 لاکھ 66 ہزار
چاڈ	انجمینہ	11 اگست 1960ء	1284000	95 لاکھ 29 ہزار
سعودی عرب	ریاض		1906582	2 کروڑ 58 لاکھ
سوڈان	خرطوم	یکم جنوری 1956ء	2505810	3 کروڑ 92 لاکھ
سُرینام	پراماری بو		163270	4 لاکھ 36 ہزار
سیرالیون	فری ٹاؤن	27 اپریل 1961ء	71740	59 لاکھ
سینیگال	ڈاکار	20 اگست 1960ء	196190	1 کروڑ 58 لاکھ
شام	دمشق	یکم جنوری 1944ء	185180	1 کروڑ 80 لاکھ
صومالیہ	موگادیشو	یکم جنوری 1960ء	637657	83 لاکھ 5 ہزار
عراق	بغداد	جولائی 1958ء	437072	2 کروڑ 54 لاکھ
عمان	مسقط	20 اکتوبر 1951ء	212460	30 لاکھ
فلسطین	بیت المقدس		6220	36 لاکھ 62 ہزار
قازقستان	استانا	16 اگست 1991ء	2717300	1 کروڑ 52 لاکھ
قطر	دوحہ	3 دسمبر 1971	11437	8 لاکھ 40 ہزار
کرغستان	بشکیک	31 اگست 1991ء	198500	51 لاکھ
کمورو	موروتی	6 جولائی 1975ء	2170	6 لاکھ 52 ہزار
کویت	کویت	19 جون 1961ء	17820	22 لاکھ 28 ہزار
کیمرون	یوآنڈے	یکم جنوری 1960ء	475440	1 کروڑ 61 لاکھ
گنی	کوناکری	2 اکتوبر 1958ء	245857	92 لاکھ 50 ہزار
گنی بساؤ	بساؤ	10 دسمبر 1974ء	36120	13 لاکھ 89 ہزار
گیانا	جارج ٹاؤن	26 مئی 1966ء	214970	7 لاکھ 6 ہزار
گیبون	براویلے	17 اگست 1960ء	267667	13 لاکھ 55 ہزار
گیمبیا	بانجل	18 فروری 1965ء	11300	15 لاکھ 50 ہزار
لبنان	بیروت	22 نومبر 1943ء	10400	38 لاکھ
لیبیا	طرابلس	24 دسمبر 1951ء	1759540	56 لاکھ 50 ہزار
موریطانیہ	نواکشوٹ	28 نومبر 1960ء	1030700	30 لاکھ
مالدیپ	مالے	26 جولائی 1965ء	300	3 لاکھ 40 ہزار
مالی	مماکو	22 ستمبر 1960ء	1240000	1 کروڑ 20 لاکھ
متحدہ عرب امارات	ابوظہبی	2 دسمبر 1971ء	82880	25 لاکھ 24 ہزار
مراکش	رباط	2 مارچ 1956ء	446550	3 کروڑ 22 لاکھ
مصر	قاہرہ	1952ء	1001450	7 کروڑ 62 لاکھ
ملائیشیا	کوالالمپور	31 اگست 1957ء	329750	2 کروڑ 36 لاکھ
موزمبیق	ماپوٹو	25 جون 1971ء	801590	1 کروڑ 88 لاکھ
نائیجر	نیامی	3 اگست 1960ء	1267000	1 کروڑ 14 لاکھ
نائیجیریا	لاگوس	یکم اکتوبر 1960ء	923768	13 کروڑ 73 لاکھ
وسطی افریقہ	بنگوئی	13 اگست 1960ء	622984	38 لاکھ
یمن	صنعا	30 نومبر 1967ء	527970	2 کروڑ 25 ہزار

مسلم اقلیتیں۔ مختلف ممالک

نام ملک	کل آبادی	مسلم آبادی
آسٹریلیا	2 کروڑ	3 لاکھ
اٹلی	5 کروڑ 79 لاکھ	14 لاکھ
ارجنٹائن	3 کروڑ 88 لاکھ	8 لاکھ
سپین	4 کروڑ	5 لاکھ
امریکہ	30 کروڑ	80 لاکھ
برطانیہ	6 کروڑ	45 لاکھ
برما (مینمار)	4 کروڑ 25 لاکھ	36 لاکھ
بلغاریہ	75 لاکھ	14 لاکھ
بھارت	ایک ارب 90 لاکھ	18 کروڑ
بیلجیئم	1 کروڑ 5 لاکھ	ساڑھے تین لاکھ
تائیوان	2 کروڑ 26 لاکھ	1 لاکھ
تھائی لینڈ	6 کروڑ 50 لاکھ	83 لاکھ
ٹرینیڈاڈ اور ٹوباگو	11 لاکھ	2 لاکھ
جاپان	12 کروڑ 72 لاکھ	12 لاکھ
جارجیا	51 لاکھ	16 لاکھ
جرمنی	8 کروڑ 23 لاکھ	31 لاکھ
جنوبی افریقہ	4 کروڑ 35 لاکھ	9 لاکھ
چین	1 ارب 30 لاکھ	12 کروڑ
روس	15 کروڑ	ڈیڑھ کروڑ
زیمبیا	1 کروڑ	10 لاکھ

سری لنکا	1 کروڑ 98لاکھ	17لاکھ
سنگاپور	46لاکھ	6لاکھ
فرانس	6 کروڑ 18لاکھ	60لاکھ
فلپائن	8 کروڑ 46لاکھ	1 کروڑ
کانگو	5 کروڑ 66لاکھ	54لاکھ
کینیا	3 کروڑ 16لاکھ	83لاکھ
کینیڈا	3 کروڑ 22لاکھ	10لاکھ
لائبیریا	34لاکھ	7لاکھ
ماریشس	12لاکھ	2لاکھ
مڈغاسکر	1 کروڑ 70لاکھ	27لاکھ
مقدونیہ	21لاکھ	7لاکھ
ملاوی	1 کروڑ 20لاکھ	33لاکھ
نیپال	2 کروڑ 65لاکھ	9لاکھ
ویت نام	8 کروڑ 20لاکھ	6لاکھ
ہالینڈ	1 کروڑ 20لاکھ	8لاکھ
یوگنڈا	2 کروڑ 57لاکھ	45لاکھ
یوگوسلاویہ (سربیا)	1 کروڑ 7لاکھ	22لاکھ
یونان	1 کروڑ 8لاکھ	4لاکھ

(بحوالہ اسلامی دنیا)

مکرم عبدالحلیم شاہد صاحب

محترمہ آمنہ بی بی صاحبہ کی وفات اور ذکر خیر

خاکسار کی خالہ اور تائی جان محترمہ آمنہ بی بی صاحبہ جو کہ میرے تایا جان مولانا صدرالدین صاحب مرحوم سابق مربی ایران کی اہلیہ تھیں۔ مورخہ 17 جون 2007ء شام چھ بجے لاہور میں وفات پا گئیں۔ ان کی عمر 80 سال تھی۔ ربوہ میں محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور موصی ہونے کی وجہ سے بہشتی مقبرہ ربوہ میں آپ کی تدفین ہوئی اور محترم ناظر صاحب موصوف نے آخر پر دعا کروائی۔

حالات زندگی

آپ 1927ء کو محترم چوہدری نظام دین صاحب مرحوم آف چشتیاں چک 107 کے ہاں پیدا ہوئیں آپ دو بہنیں اور چار بھائی ہیں۔ چوہدری محمد اعظم صاحب آف لیہ، چوہدری محمد یعقوب صاحب، چوہدری محمد شفیع صاحب، چوہدری محمد حنیف صاحب، محترمہ زہرہ بیگم صاحبہ اہلیہ مولانا عبدالمنان صاحب شاہد مربی سلسلہ مرحوم۔

آپ کے والد محترم چوہدری نظام الدین مرحوم 1898ء میں ایک خط کے ذریعہ احمدیت میں داخل ہوئے۔ اپنے حالات کی وجہ سے حضرت مسیح موعود کی زندگی میں قادیان تو نہ آسکے مگر بعد میں ہر سال قادیان جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے جاتے رہے۔

1974ء میں 109 سال کی عمر میں آپ کی وفات ہوئی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین ہوئی۔ ایک فدائی احمدی ہونے کی وجہ سے آپ نے اپنی بیٹی محترمہ آمنہ بی بی صاحبہ کی شادی مولانا صدرالدین صاحب مرحوم آف قادر آباد متصل قادیان سے کی جو کہ 1945ء میں عمل میں آئی۔

میرے تایا جان مولوی صدر الدین مرحوم نے جامعہ احمدیہ قادیان سے مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا اور 1939ء کو زندگی وقف کی اور دارالمجاہدین کی کلاس اول میں علمائے سلسلہ سے مزید تعلیم حاصل کرتے رہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے 1945ء میں فریضہ دعوت الی اللہ ادا کرنے کے لئے ایران میں تقرر فرمایا اور 11 جون 1946ء کو ایران تشریف لے گئے۔ 1953ء میں ایران سے واپس ربوہ تشریف لے آئے اور احمد نگر میں اپنے والدین کے ساتھ رہائش اختیار کر لی۔ سات سال ایران رہنے اور تحریک جدید سے فراغت کے بعد بطور عربی ٹیچر مختلف شہروں میں تعلیم دیتے رہے اور ریٹائر ہوئے۔

آپ نے 1946ء کو ایران میں بہائیت کے متعلق فارسی میں ایک کتاب شائع کی ''شمشیر براں'' جو بہت مقبول ہوئی اور ایرانی علماء آغا حسن نیکو۔ آغا لطف اللہ اور آغا عبدالحسین آوارہ نے اس پر بہترین تبصرے لکھے اور ایران ریڈیو نے بھی خبر نشر کی۔ محترم آغا عبدالحسین آوارہ صاحب نے فارسی میں شمشیر برّاں پر نظم و نثر میں عمدہ تقریظ لکھی ان کی نظم کا پہلا شعر یہ تھا۔

الا اے صاحب شمشیر براں
الا اے بیشۂ حق شیر غراں

اس کے علاوہ آپ نے نعمت الہام، افضل الانبیاء، اولین بیت الذکر لندن، براہین احمدیہ حصہ اول کے اشتہار کا فارسی ترجمہ۔ گلدستۂ بہار اور درثمین فارسی کی منتخب نظمیں فارسی میں شائع کیں۔

اور شمشیر دولب، فرقہ ناجیہ اور حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت مولانا سید محمد سرور شاہ صاحب کے بارہ میں قیمتی کتاب سیرت وروایات سروری مرتب کی جو کہ زیر طبع ہیں۔

اس سارے کام میں آپ کی اہلیہ معین و مددگار رہیں۔ محترمہ آمنہ بی بی صاحبہ نے اپنے سسرال قادیان پھر احمد نگر میں نہایت احسن رنگ میں وقت گزارا جبکہ ان کے میاں ملک سے باہر تھے۔ آپ نہایت ہی خدمت گزار، مہمان نواز خاتون ہونے کے علاوہ ہردلعزیز تھیں۔ آپ نے اپنی ساس محترمہ سلطان بی بی صاحبہ رفیق حضرت مسیح موعود اور سسر محترم میاں خیرالدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود اور دیگر اہل خانہ کی بہت خدمت کی ہے۔

آپ فرمایا کرتی تھیں کہ مجھے اپنی ساس اور سسر کی خدمت میں سکون ملتا تھا اور ان کی نیک سیرت اور کردار سے بہت متاثر تھی۔ حضرت اماں جان کئی دفعہ ہمارے گھر آئیں۔ جب میں نئی نئی بہو بن کر اس گھر میں آئی تو میں روٹیاں پکا رہی تھی اور حضرت اماں جان ہمارے گھر تشریف لائیں اور میرے پاس ہی بیٹھ گئیں اور چولہے میں لکڑیاں جھونکنے لگ گئیں اور میری ساس صاحبہ سے پوچھنے لگیں کہ سلطان بی بی یہ بہو کہاں سے بیاہ کر لائی ہو۔ یہ تو بہت مہمان نواز لگتی ہے۔ اماں جان کے منہ سے یہ الفاظ نکلنے ہی تھے کہ ہر روز یہی آس لگی رہتی کہ کوئی مہمان آئے اور اس کی خدمت کروں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ مہمان نوازی کے لحاظ سے آپ کی ذات ایک نمونہ بنی رہی۔ قادیان سے ہجرت کے بعد آپ اپنے سسرال اور بچوں کے ساتھ احمد نگر میں 1987ء تک مقیم رہیں ہر سال جلسہ سالانہ ربوہ پر آنے والے خاندان کے مہمانوں کی مہمان نوازی کرتی رہیں۔ جلسہ سے قبل بستر چارپائیاں اور راشن جمع کرتیں۔ تاکہ آنے والے مہمانوں کو کوئی تکلیف نہ ہو اور مہمان بھی انہی کے پاس آ کر سکون محسوس کرتے تھے۔ گھر کا چولہا ہر وقت جلتا رہتا تھا۔ تاکہ کسی کو کھانے پینے کی بھی تکلیف محسوس نہ ہو۔

1987ء میں آپ نے اپنے میاں مولانا صدرالدین صاحب کے ساتھ اپنے بیٹوں کے پاس لاہور شفٹ ہو گئیں اور 1987ء میں ہی آپ کے میاں اپنے مولیٰ حقیقی سے جا ملے۔ ساری عمر غربت میں گزاری مگر صبر وتحمل، بردباری اور اللہ کی رضا پر راضی رہیں باوجود محدود وسائل کے کبھی زبان پر کسی قسم کا شکوہ نہیں آیا اور نہ کسی کے آگے ہاتھ پھیلایا۔ اور نہ ہی اپنی غربت کسی پر ظاہر ہونے دی۔ اگر کوئی مدد کرنا چاہتا تو آپ بُرا مناتیں کہ اللہ نے تو مجھے بہت کچھ دیا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے احسانوں کا بہت شکر ادا کرتی تھیں۔ عبادت گزار دعا گو اتنی کہ دل کی گہرائیوں سے دعا کرتیں۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ اگر کسی نے ان کی خدمت میں کوئی حقیر سی بھی چیز تحفتًا دی تو انہوں نے اتنی دعائیں کیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے ہزار گنا بڑھا کر دیا۔ یہ ان کی محبت اور پیار اور دعاؤں کی قبولیت میں خدا کا خاص سلوک تھا۔

بچوں کی تربیت پر خاص توجہ دی۔ جہاں اولاد کی تکریم پیش نظر رہتی وہاں بعض دفعہ سختی بھی کیا کرتی تھیں۔ خاص طور پر نماز کے اوقات میں بچوں کو گھر میں برداشت نہیں کرتی تھیں۔ نماز باجماعت ادا کرنے کی عادت آپ نے اپنے بچوں کو پانچ سے سات سال کی عمر میں ڈالی۔ اپنی اولاد کی دینی اور دنیاوی تعلیم کے حصول کے ساتھ ساتھ جماعتی نظام اور خلیفہ وقت سے وابستگی کی طرف خاص نظر رکھتی تھیں۔ ہر ہفتے پیارے امام کو خط لکھنے کے لئے کہتی رہتیں۔ صدقہ و خیرات کے علاوہ اپنے چندہ جات باقاعدگی سے ادا کرتی رہیں آپ کہا کرتی تھیں کہ میں نے کبھی کسی کو دل سے بددعا نہیں دی بلکہ دعا ہی دیتی ہوں ہو سکتا ہے اللہ اس کے عوض میرے گناہ بخش دے۔

پردے کی اتنی پابند تھیں کہ بڑھاپے کی عمر میں بھی برقعہ نہیں اتارا۔ آپ اپنی بہوؤں کو بیٹیوں کی طرح سمجھتی تھیں بلکہ بیٹیوں سے بھی زیادہ پیار اور اعتماد کرتی تھیں۔ آپ بیشمار خوبیوں کی مالک تھیں۔ مرحومہ نے اپنے پیچھے دو بیٹے مکرم چوہدری مبشرالدین صاحب اور مکرم چوہدری منورالدین صاحب اور ایک بیٹی محترمہ صادقہ بی بی صاحبہ زوجہ چوہدری محمد یوسف صاحب آف لیہ یادگار چھوڑی ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی خاص جوار رحمت میں جگہ دے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اپنی کامل رضا سے غنی کر دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

آزاد ہند فوج

☆جون 42ء میں ہندوستانیوں کی ایک کانفرنس میں انڈین انڈیپنڈنٹ لیگ کا باقاعدہ افتتاح ہوا اور آزاد ہند فوج کے قیام کی تجویز منظور ہوئی۔

☆ یکم ستمبر 42ء کو آزاد ہند فوج تشکیل دی گئی جو ایک مؤثر تحریک تھی۔ اس نے اتحادیوں (برطانیہ، امریکہ، فرانس) کے خلاف اعلان جنگ کیا مگر اسے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اس تحریک میں مسلمان، سکھ، ہندو سب شامل تھے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 78032 میں محمد اسحاق

ولد غلام مصطفیٰ قوم کھلول پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چاہ قنبر والا ضلع ڈیرہ غازی خان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-12-8 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/400 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد اسحاق۔ گواہ شد نمبر 1 محمد سلیم ولد محمد موسیٰ۔ گواہ شد نمبر 2 نور محمد ولد محمد عیسیٰ خان

مسل نمبر 78033 میں خیر محمد

ولد محمد موسیٰ قوم کھلول پیشہ بچوں کے ساتھ کاروبار کی نگرانی عمر 53 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چاہ سوری والا ضلع ڈیرہ غازی خان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-12-7 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) 4 کنال زرعی اراضی اندازاً مالیتی -/150000 روپے (2) دوکان برقبہ 5/6، 1 مرلہ اندازاً مالیتی -/200000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1500 روپے ماہوار بصورت کرایہ دوکان مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/6000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ خیر محمد۔ گواہ شد نمبر 1 بشیر احمد ولد محمد اسماعیل۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالرحمٰن ولد میوہ خان

مسل نمبر 78034 میں عبدالسلام

